
# سبق: 7

## مقام پہچانیں گے



پہلا　دوسرا　تیسرا　چوتھا　پانچواں　چھٹا　ساتواں　آٹھواں　نواں　دسواں

اوپر دی گئی تصویروں کا مشاہدہ کریں۔ قطار میں کھڑے لوگ کیا کر رہے ہیں؟

قطار میں بیگ پکڑے کھڑی عورت کا مقام اوّل ہے۔

اسی طرح:　یہ لوگ کس کس مقام پر ہیں نقشہ دیکھ کر لکھیں۔

- ایک گنجا آدمی ..............................
- پنجابی (جس کے سر پر پگڑی ہے) آدمی ..............................
- رُدرا کھیا مالا پہنا ہوا آدمی ..............................
- لمبی داڑھی والا اور ہاتھ میں بیگ پکڑا ہوا آدمی ..............................
- جوڑے میں پھول لگائے ایک آدی باسی عورت ..............................
- آدی باسی عورت کے پیچھے موجود آدمی ..............................
- ٹوپی پہنا ہوا آدمی ..............................
- چشمہ پہنی ہوئی عورت ..............................
- لاٹھی پکڑ کر چلنے والی بوڑھی عورت ..............................
- عورتیں قطار کے کس کس مقام میں ہیں ..............................

- انگریزی کے بارہ مہینوں کے نام:

جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست،
ستمبر، اکتوبر، نومبر، دسمبر

انگریزی کا چوتھا ماہ اپریل ہے۔ اسی طرح اگست سال کا آٹھواں مہینہ ہے۔

- ہفتہ کے سات دنوں کا نام:

پیر، منگل، بدھ، جمعرات، جمعہ، سنیچر، اتوار

ہفتہ کا پہلا دن پیر ہے۔ اسی طرح سنیچر ہفتہ کا چھٹا دن ہے۔

پہلا، دوسرا، تیسرا، چوتھا، وغیرہ کو مکمل عدد کہتے ہیں۔

ہر مکمل عدد ایک ایک مقام یا خاص مقام پہ موجود فرد یا چیز کو سمجھا جاتا ہے۔




## مشق

1۔ لکھیے: ہفتہ کے دوسرے دن کا نام۔ ........................

جمعرات، ہفتہ کا کون سا دن ہے؟ ........................

اتوار، ہفتہ کا کون سا دن ہے؟ ........................

سال کے چوتھے مہینہ کا نام کیا ہے؟ ........................

جون سال کا کون سا مہینہ ہے؟ ........................

2۔ جون ۲۰۰۹ء

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اتوار | | ۷ | ۱۴ | ۲۱ | ۲۸ |
| پیر | ۱ | ۸ | ۱۵ | ۲۲ | ۲۹ |
| منگل | ۲ | ۹ | ۱۶ | ۲۳ | ۳۰ |
| بدھ | ۳ | ۱۰ | ۱۷ | ۲۴ | |
| جمعرات | ۴ | ۱۱ | ۱۸ | ۲۵ | |
| جمعہ | ۵ | ۱۲ | ۱۹ | ۲۶ | |
| سنیچر | ۶ | ۱۳ | ۲۰ | ۲۷ | |

اوپر درج کلینڈر دیکھ کر کہیے اور لکھیے:

(i) اس مہینے میں کتنے اتوار ہیں؟ ..................

(ii) مہینے کے تیسرے اتوار کی تاریخ کیا ہے؟ ..................

(iii) مہینے کے پہلے اتوار کی تاریخ کیا ہے؟ ..................

(iv) مہینے کے چوتھے پیر کی تاریخ کیا ہے؟ ..................

## 3۔ آؤ مل جل کر گائیں:

چھک چھک کرتی ریل گاڑی آئے گی
وہ رکتے ہی سب اس میں بیٹھیں گے
بھاگم بھاگ سب جلدی اندر جائیں گے
سیٹ پر اپنی بیٹھیں گے

نیولا، گلہری، چوہا، جھٹ پٹ اٹھیں گے
چیتا، بھال، ہاتھی، گدھا اپنی باتیں سمجھیں گے
آئی آئی ریل گاڑی سیٹی بجاتی آئی
سب کو بٹھا کے اپنے اندر منزل پہ پہنچائی




تصویر دیکھ کر کہیے:

۱۔ کوّا ریل گاڑی کے کس ڈبے پر بیٹھا ہے؟
۲۔ نیولا کس ڈبّے پر ہے؟
۳۔ بارہویں ڈبے پر کون بیٹھا ہے؟
۴۔ چیتا کس ڈبہ پر بیٹھا ہے؟
۵۔ پندرہواں ڈبے کے بعد کون سا ڈبہ ہے؟
۶۔ بھالو جس ڈبے پر بیٹھا ہے اس کے پہلے والا ڈبہ کون سا ہے؟
۷۔ چیتا اور بگلا جس ڈبے پر بیٹھے ہیں اس کے درمیان کون کون سے ڈبے ہیں؟

**استاد کے لیے ہدایت:** گیارہویں سے بیسویں تک مکمل عدد کے متعلق جانکاری کے لیے استاد اسی طرح کے مختلف سوالات تیار کر کے بچوں سے پوچھیں۔

4۔ تصویر میں سرکس کا کھیل دیکھیے:



چیتا پہلا مقام پر ہے۔

دوسرے جانور اور پرندے کون کس مقام پر ہیں کہیے۔

5۔ ایک گھر کی دیوار میں سولہ عدد طاق ہیں۔کس طاق میں کیا چیز ہے اس کے نیچے لکھ دیا گیا ہے۔آپ دیوار میں موجود طاق کی چیزوں کی تصویر اپنی کاپی میں بنائیں۔

بارہویں طاق پر گیند، پہلے طاق پر پنسل

چودھویں طاق پر کپ، چھٹے طاق پر بوتل

گیارہویں طاق پر بیلون، دوسرے طاق پر بالٹی

سولہویں طاق پر انڈا، تیسرے طاق پر کتاب

تیرہویں طاق پر پتنگ، چوتھے طاق پر پھول

پندرہویں طاق پر گلاس، پانچویں طاق پر لٹو

ساتویں طاق پر چاقو، آٹھویں طاق پر کلس

نویں طاق پر ربر ،دسویں طاق پر امرود